© rasailojaraid.com

مولانا سید ابوالحسن علی ندوی

# نبوتِ محمدیؐ کا کارنامہ

## انسان کی اہمیت

دنیا کا مقدر انسان کے مقدر سے برابر وابستہ رہا ہے، اور رہے گا، اس کی سعادت و شقاوت، بلند اقبالی اور نحوست کا تعلق انسان ہی کی ذات سے رہا ہے، چنانچہ اگر حقیقی انسان کا وجود رہے، اور دنیا کی ہر قابلِ فخر چیز، مال و دولت، اور زیب و زینت، ختم ہو جائے تب بھی کوئی ایسی بڑی مصیبت نہیں آجائے گی، اور نہ دنیا کا کوئی بہت بڑا خسارہ ہو جائے گا بلکہ حقیقی انسان کا وجود ہر گم شدہ چیز کا نعم البدل، ہر محرومی کی تلافی، اور ہر بیچارگی کا درماں ثابت ہوگا، اور انسان اپنے نشاطِ کار، جوشِ عمل، قوتِ کارکردگی اور محنت و ہمت سے دنیا کو وہ تمام چیزیں دوبارہ مہیا کر دے گا، جو دنیا نے کھو دی ہوں گی، اور صرف یہی نہیں بلکہ پہلے سے بہتر اور بڑھ کر فراہم کر دے گا، اور اگر دنیا یا دنیا کے کسی ذمہ دار کو یہ اختیار دیا جائے کہ وہ انسان بغیر دنیا یا دنیا بغیر انسان میں سے کسی ایک کا انتخاب کر لے (اور وہ اس انتخاب میں عقلِ سلیم اور خدا کی دی ہوئی قوتِ تمیز سے کام لے) تو اس کا انتخاب یقیناً انسان ہی ہوگا، اور اس میں اسے کسی تردد و تذبذب کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا، اس لیے کہ دنیا انسان ہی کے لیے بنائی گئی ہے اور اس کی عزت و قدر و قیمت اسی کے سبب سے ہے۔

اس دنیا کی بدبختی و بدنصیبی آلات و وسائل اور ساز و سامان کا فقدان نہیں، بلکہ ان آلات و وسائل کا غلط اور بے محل استعمال ہے، اس دنیا کی طویل اور حادثات سے بھری ہوئی تاریخ میں دنیا کو جو کچھ مصیبت پیش آئی اس کا سبب انسان کی گمراہی، راہِ راست، اور اپنی فطرتِ سلیمہ سے انحراف ہے —— وسائل و ذرائع تو انسان کے لیے ہاتھ میں خاموش اور معصوم آلات ہیں، جو اس کا حکم مانتے اور اس کی مرضی پوری کرتے ہیں، ان آلات کا اگر کوئی قصور ہو سکتا ہے، تو یہی ہو سکتا ہے کہ وہ اس مصیبت میں سرعت و تندی اور اس کی کمیت و کیفیت میں وسعت پیدا کر دیتے ہیں۔

## انسانی فطرت کے اسرار و عجائبات

یہ وسیع کائنات اسرار و رموز اور عجائب و غرائب سے اس طرح بھری ہوئی ہے کہ اس کا حسن و جمال عقلوں کو مبہوت بنا دیتا اور دہشت و حیرت میں مبتلا کر دیتا ہے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لیکن اگر انسانی فطرت کے اسرار و عجائب، اس کے امکانات اور مخفی صلاحیتوں، قلب انسانی کی گہرائی اور گیرائی، فکر انسانی کی بلند پروازی اور ذہنی افق کی وسعت، روح انسانی کے سوز و گداز، اس کی متناہی امیدوں اور آرزوؤں، اس کی بلند ہمتی و عالی نظری (جس کی کوئی انتہا نہیں اور جو فتوحات، لذتوں اور مسرتوں، ملک و حکومت اور خوشحالی و آسودگی کی کسی مقدار پر قانع نہیں ہوتی) اس کی متنوع اور متناقض، بے شمار اور لا محدود صلاحیتوں کا دنیا کے اسرار و عجائب سے مقابلہ کیا جائے تو یہ وسیع کائنات اس کے سامنے سمندر کے آگے ایک قطرہ یا صحرا کے مقابل ایک ذرہ کی طرح معلوم ہوگی اور اپنی پوری وسعت کے ساتھ قلب انسانی کی وسعت اور گہرائی میں اس طرح گم ہو جائے گی جیسے ایک چھوٹی سی کنکری ایک بحر بیکراں میں گم ہو جاتی ہے، اس کے مضبوط اور غیر متزلزل ایمان کے آگے پہاڑ ہیچ ہو جائیں اس کی محبت کے بھڑکتے ہوئے جذبات کے تند شعلوں کے سامنے آگ سرد اور خاکستر نظر آئے اور خوف خدا، یا کسی ناتواں پر ترس کھانے یا گناہوں سے ندامت پر نکلے ہوئے، آنسو کے ایک قطرہ کو دیکھ کر سمندر پانی پانی ہو جائے، اور اپنی تنگ ظرفی کا ماتم کرے، انسانی سیرت کا جمال، اس کے اخلاق کا حسن اور اس کے جذبات کی لطافت اگر آشکار ہو جائے تو اس عالم کی تمام رنگینیوں اور دلآویزیوں پر پانی پھیر دے اور حسن کائنات کو مات دے دے، انسان کی ذات اس کائنات میں گوہر مقصود اور بیت الغزل کی حیثیت رکھتی ہے اور خلاقِ عالم کی نشانیوں میں سے سب سے بڑی نشانی ہے، جسے اس نے بہترین صورت، مکمل سیرت، اور عمدہ ترین ساخت عطا کی ہے۔

## انسان ہر پیمانے سے بلند ہے

دنیا اپنے تمام خزینوں اور دفینوں اور دولت و حکومت کے ساتھ بھی اس انسانی عقیدے کا بدل نہیں بن سکتی، جو شک اور کمزوریوں سے بالاتر ہوتا ہے، اور نہ اس محبت کی قیمت بن سکتی ہے، جو مادی فوائد و مصالح سے بے نیاز ہوتی ہے، اور نہ اس جذبے کی قائم مقامی کر سکتی ہے، جو حدود و قیود سے آشنا نہیں نہ اس اخلاص کی جگہ لے سکتی ہے، جو اغراض و منافع سے بے نیاز ہوتا ہے، اور نہ اس کے اس اخلاق کی قیمت بن سکتی ہے، جو سودے بازی اور انتقام سے بلند ہوتا ہے، اور نہ اس مخلصانہ خدمت کے برابر ہو سکتی ہے، جو بدلے اور شکر سے بھی مستغنی ہوتی ہے۔

انسان اگر اپنے آپ کو پہچان لے اور اپنی قیمت طلب کرے تو یہ دنیا اس کے دام لگانے سے عاجز ہو جائے، اور اگر اس کی ذات وسعت اختیار کرے اور اپنے عزم و ہمت کی عنان ڈھیلی چھوڑ دے اور اپنی فطرت کو اس کے بہاؤ پر ڈال دے تو یہ دنیا اس کے لیے تنگ ہو جائے، اور سمٹ کر اس کے لیے ایک بے رونق اور ہوا کا پنجرا ثابت ہو۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



؎ گھٹے اگر تو بس ایک مشتِ خاک ہے انساں
بڑھے تو وسعتِ کونین میں سما نہ سکے

فطرتِ انسانی کی گہرائیوں کو نہ ناپا جا سکتا ہے نہ اس کی تہ تک پہنچا جا سکتا ہے، نہ اس کے اسرار کا احاطہ ہو سکتا ہے، نہ اس کی ماہیت و حقیقت کا پتہ لگایا جا سکتا ہے اس کی حیرت انگیز اور اعجاز نما صلاحیتیں اس کا علم و حلم، اس کی شرافت و کریم النفسی، اس کی شفقت و محبت، اس کا رحم و کرم، اس کے شعور کی لطافت اس کے احساس کی نزاکت، اس کا زہد و ایثار، اس کی خودداری و انکسار، معرفتِ الٰہی کی استعداد اور فنافی اللہ ہونے کا ذوق، بنی نوع انسان کی خدمت کا شوق اور پیچیدہ، مشکل اور نئے نئے علوم و فنون کی لگن، یہ سب ایسی چیزیں ہیں، جن کو دیکھ کر عقل حیران رہ جاتی اور ذہین ترین لوگوں کا دماغ چکرا جاتا ہے۔

## نبوتِ محمدیہ کا کارنامہ

انسان کا وجود ہر خیر و برکت اور اقبال و سعادت کی کنجی اور ہر مشکل اور ہر مسئلہ کا حل ہے اور جب اس کی ساخت میں کجی آجاتی اور اس کی تہذیب فاسد ہو جاتی ہے، حقیقی انسان نادر و نایاب ہو جاتے ہیں، اور جب اچھے انسان بنانے کا رواج اٹھ جاتا ہے تو یہی چیز تمام نبوتوں کا موضوع بنی ہے، اور ہر نبی اپنے زمانے میں اسی مہم کو لے کر اٹھا ہے، اور ایسے انسانوں کا ایسی کمیت و کیفیت میں اٹھ کھڑا ہونا، جس کا منظر تاریخ کی آنکھوں نے کبھی نہ دیکھا ہو، نہ ایسا نظارہ چشمِ فلک کے سامنے آیا ہو، وہ ایک سلکِ گہر، ایک سیسہ پلائی دیوار، اور مضبوط ملت و جماعت بن گئے ہوں، اور ایک مشترکہ مقصد و عقیدہ کے لیے باہمی تعاون کرنے لگے ہوں، یہ نبوتِ محمدی کا کارنامہ اور عظیم معجزہ ہے۔

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مردم سازی اور آدم گری کا کام اس سطح سے شروع کیا، جہاں سے کسی نبی یا مصلح کو نہیں کرنا پڑا تھا، اور نہ وہ اس کا مکلف بنایا گیا تھا، اس لیے کہ عام طور پر دیگر انبیاءؑ کی قوموں کی معاشرتی سطح، زمانۂ جاہلیت سے بہت بلند تھی، اس کے باوجود آنحضرتؐ نے اپنے اس عظیم کام کو اس سطح تک پہنچا دیا جہاں تک کسی نبی کا عمل نہیں پہنچا تھا۔

آپؐ نے اس سطح سے کام شروع کیا، جہاں حیوانیت کی انتہا اور انسانیت کی ابتدا ہوتی تھی، اور اس اعلیٰ سطح تک پہنچا دیا جو انسانیت کی انتہائی منزل ہے، اور جس کے بعد نبوت کے سوا کوئی اور درجہ نہیں اور جسے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ ختم کر دیا گیا۔

## واقعہ جو خیال و تصور سے زیادہ دلکش ہے

امتِ محمدیہ کا ہر فرد اپنی ذات سے ایک مستقل معجزہ، نبوت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی، اس کے ابدی کارناموں میں سے ایک کارنامہ اور نوعِ انسانی کے اشرف و افضل ہونے کی ایک روشن دلیل ہے، کسی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مصوّر نے اپنے فن کار موئے قلم اور صنّاع ذہن سے اس سے بہتر تصویر نہیں بنائی ہوگی، جیسے کہ حقیقتِ واقعہ اور تاریخ کی شہادت کی روشنی میں وہ افراد موجود تھے۔

کسی شاعر نے بھی اپنے شاداب تخیل، مواج طبیعت اور شعری صلاحیت سے کام لے کر ایسے اوصافِ جمیلہ، ایسی پاکیزہ سیرتوں اور ایسے برگزیدہ محاسن کا خیالی پیکر نہیں تیار کیا ہوگا جس کا نمونہ ان کی ذات میں موجود تھا، دنیا کے اگر تمام ادیب جمع ہو کر انسانیت کا کوئی بلند ترین نمونہ پیش کرنے کی کوشش کریں، تو ان کا تخیل اس بلندی تک نہیں پہنچ سکتا، جہاں واقعاتی زندگی میں وہ لوگ موجود تھے، جو آغوشِ نبوت کے پروردہ اور تربیت یافتہ تھے، اور جو درسگاہِ محمدی سے فارغ ہو کر نکلے تھے، ان کا قوی ایمان، ان کا عمیق علم، ان کا خیر پسند دل، ان کی بے تکلف اور ریاء و نفاق سے پاک زندگی، انانیت سے ان کی دوری، ان کا خوفِ خدا، ان کی عفت و پاکیزگی اور انسان نوازی، ان کے احساسات کی نزاکت و لطافت، ان کی مردانگی و شجاعت ان کا ذوقِ عبادت اور شوقِ شہادت، ان کی دن کی شہسواری اور راتوں کی عبادت گزاری، متاعِ دنیا اور آرائشِ زندگی سے بے نیازی، ان کی عدل گستری، رعایا پروری اور راتوں کی خبر گیری اور اپنی راحت پر ان کی راحت کو ترجیح، ایسی چیزیں کہ اگلی امتوں اور تاریخ میں ان کی کوئی نظیر نہیں ملتی۔

## فردِ صالح مختلف پہلوؤں اور زندگی کے میدانوں میں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دعوت و رسالت کے ذریعہ ایسا صالح فرد پیدا کیا جو خدا پر ایمان رکھنے والا، اللہ کی پکڑ سے ڈرنے والا، دیندار و امانت دار، دنیا پر آخرت کو ترجیح دینے والا، مادیت کے مظاہر کو نظرِ حقارت سے دیکھنے والا، اور ان مادی طاقتوں پر اپنے ایمان اور روحانی قوت سے فتح پانے والا تھا جس کا ایمان اس پر تھا کہ دنیا اس کے لیے پیدا کی گئی ہے اور وہ آخرت کے لیے بنایا گیا ہے، چنانچہ جب یہ فرد تجارت کے میدان میں آتا تو راست باز اور امانت دار تاجر ہوتا اور اگر اس کو فقر و فاقہ سے واسطہ پڑتا تو وہ ایک شریف و محنتی انسان نظر آتا، وہ جب کبھی کسی علاقے کا عامل ہوتا تو ایک محنتی اور بہی خواہ عامل ہوتا، وہ جب مال دار ہوتا تو فیاض اور غمخوار مال دار ہوتا، جب وہ مسندِ قضا اور عدالتی کرسی پر بیٹھتا تو انصاف دوست اور معاملہ فہم قاضی ثابت ہوتا، وہ حاکم ہوتا تو مخلص اور امانت دار حاکم ہوتا، اسے سیادت و ریاست ملتی تو وہ متواضع اور شفیق و غمخوار حاکم اور سردار ہوتا، اور جب وہ عوام کے مال کا امانت دار بنتا تو محافظ اور صاحبِ فہم خازن ہوتا۔

## بنیادیں، جن پر اسلامی معاشرہ قائم ہوا

انہی اینٹوں سے اسلامی معاشرت کی عمارت بنی تھی، اور اسلامی حکومت انہی بنیادوں پر قائم ہوئی تھی، یہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



معاشرت وحکومت اپنی فطرت میں ان افراد کے اخلاق ونفسیات کی بڑی صورتیں اور تصویریں تھیں، اور ان افراد ہی کی طرح ان سے بنا ہوا معاشرہ بھی صالح، امانت دار، دنیا پر آخرت کو ترجیح دینے والا، اور مادی اسباب پر حاکم نہ کہ اس کا محکوم تھا، اس معاشرے کے افراد میں تاجر کی صداقت وامانت، ایک محتاج کی سادگی وشفقت، ایک عامل کی محنت وخیر خواہی، ایک غنی ومالدار کی سخاوت وہمدردی، ایک قاضی کا انصاف اور معاملہ فہمی، ایک والیٔ ملک کا اخلاص وامانتداری، ایک رئیس وسردار کی تواضع ورحمدلی، ایک وفادار خادم کی قوت کار اور ایک امانتدار محافظ کی نگرانی ونگہبانی جمع تھی، اور یہ حکومت دعوت وہدایت کی علمبردار حکومت تھی جو عقیدے کو منفعت ومصلحت اور ارشاد وہدایت کو مالگزاری اور ٹیکس وصولی پر ترجیح دیتی تھی، اس معاشرے کے اثر ونفوذ اور اس حکومت کے اقتدار کے تحت، عوامی زندگی میں ہر طرف ایمان وعمل صالح، صدق واخلاص، جہاد واجتہاد، دین میں عدل واعتدال اور اپنے اور دوسروں کے ساتھ انصاف نظر آنے لگا۔

## آزمائشوں اور تجربہ کے وقت فردِ صالح کی کامیابی

یہ فردِ صالح ہر اس امتحان اور آزمائش میں پورا اترا جو کمزور پہلوؤں کو ظاہر کر دیتی اور مخفی صلاحیتوں کو جانچتی ہے، یہ فرد آزمائش کی ان بھٹیوں سے کھرے اور خالص سونے کی طرح نکلا جس میں کوئی کھوٹ اور ملاوٹ نہ تھی، اس نے ہر نازک موقع پر قوتِ ایمانی، قوتِ ارادی نبوی تربیت کی تاثیر، پاک نفسی واحساس ذمہ داری اور امانت وبے نیازی اور ایثار کا وہ بلند نمونہ پیش کیا، جس کی ماہرین نفسیات وعلمائے اخلاقیات اور مورخین و ماہرین بشریات توقع بھی نہیں کر سکتے۔

ان نازک موقعوں میں سب سے نازک آزمائش اس امیر وحاکم کی ہے، جو کسی کے آگے جواب دہ نہیں نہ اسے کوئی محتسب آنکھ دیکھتی ہے، اور نہ اسے کسی کمیٹی اور عدالت کا سامنا کرنا ہے ——— ایسا حاکم اپنے لیے جائز چیزوں اور اپنے ذاتی مال کی طرف سے بھی بے رغبتی دکھاتا اور اس معمولی مال کا بھی روادار نہیں ہوتا، جس کی شریعت اجازت دیتی اور جو عرف عام میں رائج ہے، اور جسے کسی زمانے کے لوگوں نے اہمیت نہیں دی۔

## حکمرانوں کا زہد اور ان کی سادگی

اس کی بہترین مثال یہ ہے کہ خلیفۃ المسلمین حضرت ابوبکر صدیقؓ کی زوجۂ محترمہ کو ایک بار کوئی میٹھی چیز کھانے کی خواہش ہوئی اور اس کے لیے انہوں نے اپنے روزانہ کے خرچ سے کچھ پس انداز کر لیا، جب حضرت صدیق اکبرؓ کو اس کا علم ہوا تو انہوں نے وہ رقم بیت المال کو واپس کر دی اور اپنے روزانہ کے وظیفہ سے بقدر اس رقم کے کم کرا دیا، انہوں نے کہا کہ تجربہ سے یہ ثابت ہو گیا کہ اتنی رقم زائد تھی، اور اس سے کم میں ابوبکرؓ کے گھرانے کا گذارا ہو سکتا ہے مسلمانوں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کا بیت المال اس لیے نہیں کہ اس سے حاکم کا خاندان عیش کی زندگی بسر کرے اور کھانے پینے میں توسع سے کام لے۔

یہاں ایک دوسری سچی تصویر "جلوسِ خلافت کی ہے، اور اپنے وقت کی سب سے بڑی مملکت کے طاقتور حاکم کے اس سرکاری دورے کی تفصیل پر مبنی ہے، جو سرکاری کام ہی کے لیے ہوا تھا۔

یہ ایسے باجبروت حاکم کا سفر تھا، جس کا نام سن کر لوگوں کے دل لرز جاتے اور وہ تھرا اٹھتے تھے ہم ایک مورخ کا بیان نقل کرتے ہیں، جو اس عجیب سفر کا راوی ہے، اور اس پر بلیغ انداز میں روشنی ڈالی ہے، ابن کثیر کا بیان ہے۔

"حضرت عمر بن الخطابؓ بیت المقدس جاتے ہوئے ایک خاکستری رنگ کی اونٹنی پر سوار تھے، دھوپ میں آپ کے سر پر کوئی ٹوپی اور عمامہ نہ تھا، کجاوہ کے دونوں طرف آپ پاؤں لٹکائے ہوئے تھے، اس میں رکاب بھی نہ تھی، اونٹ پر ایک موٹا اونی کپڑا تھا، جسے آپ اتر کر بچھاتے تھے، آپ کی گٹھری جو چمڑے یا اون کی تھی، جس میں پتے بھرے ہوئے تھے، سواری کی حالت میں اسی پر ٹیک لگاتے اور اترنے کے بعد اسی کا تکیہ بناتے تھے، آپ کی قمیص ایک پرانے گزی کے کپڑے کی تھی، جو بغل کی طرف پھٹی ہوئی تھی۔ آپ نے وہاں کے سردار کو بلایا چنانچہ لوگ جلومس کو بلانے گئے اس کے بعد حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ میرا کرتا دھو دو اور اس کے پھٹے ہوئے حصے میں پیوند لگا دو اور میرے لیے عاریۃً کوئی کپڑا یا کرتا فراہم کرو، چنانچہ ایک ریشمی کرتا حاضر کیا گیا آپ نے اسے دیکھ کر حیرت سے پوچھا یہ کیا ہے؟ لوگوں نے عرض کیا ریشم ہے، آپ نے پھر فرمایا ریشم کیا ہوتا ہے، لوگوں کے بتانے پر آپ نے اپنا کرتا اتار کر غسل فرمایا اور آپ کا پیوند لگا کرتا حاضر کیا گیا تو آپ نے ان کا ریشمی کرتا اتار کر اپنا وہی کرتا پہن لیا۔

جلومس نے ان سے مشورۃً کہا کہ آپ بادشاہ عرب ہیں، اور یہاں کے لوگوں میں اونٹ کی کوئی اہمیت نہیں، اس لیے آپ اگر کوئی اچھا کپڑا پہن لیں اور گھوڑے پر سوار ہوں تو یہ اہل روم کو متاثر کر سکے گا، اس کے جواب میں آپ نے فرمایا "ہم وہ قوم ہیں، جسے اللہ نے اسلام کے ذریعہ عزت دی تو اب اللہ کے بدلے ہم کسی اور چیز کو نہیں اپنائیں گے، ایک گھوڑا لایا گیا، جس پر آپ نے اپنی چادر ڈال دی اس پر نہ لگام استعمال کی اور نہ رکاب باندھی بلکہ یونہی سوار ہو گئے، لیکن تھوڑی ہی دیر بعد فرمایا روکو روکو، میں نے اس سے پہلے لوگوں کو شیطان پر سوار ہوتے نہیں دیکھا تھا، چنانچہ آپ کا اونٹ لایا گیا اور آپ اس پر سوار ہوئے[1]"

---

[1] البدایۃ والنہایہ ۷/ ۵۹، ۶۰



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اسی طرح مؤرخ طبری نے آپ کے ایک سفر کا حال لکھا ہے۔

"ایک بار حضرت عمرؓ، حضرت علیؓ کو مدینہ میں اپنا جانشین بنا کر سفر پر نکلے آپ کے ساتھ کچھ صحابہؓ بھی تھے، آپ مقام "ایلۃ" کے مقابل جا رہے تھے (جو بحر احمر کے ساحل پر ہے) جب اس کے قریب پہنچے تو راستے کے کنارے ہو گئے اور اپنے غلام کو پیچھے کر لیا، آپ نے اس مقام پر پہنچ کر استنجا کیا، اور لوٹ کر اپنے غلام کی سواری پر سوار ہو گئے (جس پر ایک الٹی فرد پڑی ہوئی تھی) اور اپنی سواری غلام کو دے دی، چنانچہ جب لوگوں کا پہلا گروہ آپ سے ملا تو اس نے آپ سے دریافت کیا کہ امیر المومنین کہاں ہیں؟ آپ نے فرمایا کہ تمہارے سامنے ہیں، چنانچہ وہ آپ کو چھوڑ کر آگے بڑھ گئے، جب ایلۃ پہنچے تو ان ملنے والوں سے جب کہا کہ امیر المومنین ایلۃ پہنچ گئے تو لوگوں نے آپ کو پہچانا اور آپ کی طرف لپکے۔"[1]

## انسانیت کا مثالی نمونہ

زہد و تواضع، ایثار و ہمدردی، عدالت و شجاعت، حکمت و صداقت، کے یہ بہترین اور مثالی نمونے خلفائے راشدینؓ اور صحابہ کرامؓ کے حالات میں اس کثرت سے ملتے ہیں کہ اگر انہیں کوئی مورخ و ادیب یا نفسیات و اخلاق کا کوئی عالم جمع کرے اور ان سے ایک جامع اور منفرد شخصیت تیار کرے تو انسانی سیرتوں میں ایک ممتاز ترین سیرت و شخصیت تیار ہو جائے اور انسانیت کے عظیم مرقع اور انسانیت کی عالمی تاریخ کی جلوہ گاہ میں ایک حسین ترین پیکر کا اضافہ ہو جائے، لیکن افسوس ہے کہ ہم اس برگزیدہ جماعت کی مکمل اور جامع تعریف و تصویر کتابوں میں نہیں پاتے، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت و تربیت کا ثمرہ اور نمونہ تھی، پھر بھی بعض شخصیتوں کے کچھ جلوے، ادیبانہ بلاغت پیکر نگاری، اور مرقع کشی کے ساتھ کتابوں میں محفوظ ہو گئے ہیں، اس لیے کہ عرب قدیم زمانے سے اپنی زبان دانی، جادو بیانی، منظر نگاری اور صداقتِ تعبیر کے لیے مشہور رہ چکے ہیں، ان کی اس خاکہ نگاری کی مدد سے ہم تربیت نبوی کے اثرات و آثار اور اس کی کامیابی و نادرہ کاری کا کچھ اندازہ لگا سکتے، اور اس معاشرے کے بلند نمونے دیکھ سکتے ہیں، جس کی وساطت سے رسول اللہ کا اعجاز اپنی دلکش ترین شکل میں ظہور میں آیا تھا، ان تصویروں میں ایک تصویر سیدنا علی مرتضیٰؓ کی ہے، یہ تصویر اپنی تاثیر و تعبیر کے اعتبار سے عالمی اور غیر فانی ادب کے بہترین نمونوں میں شامل ہونے کی مستحق ہے۔

ایک موقع پر امیر معاویہؓ نے حضرت علیؓ کے رفیق قدیم ضرار بن ضمرہ سے (جنہیں ان کی صحبت سے فیضیاب

---

[1] طبری ۴/۲۰۳، ۲۰۴



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہوتے اور انھیں قریب سے دیکھنے کا موقع ملا تھا) حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اوصاف و محاسن بیان کرنے کی فرمائش کی تو انہوں نے کہا۔

"واللہ وہ بڑے بلند ہمت اور مضبوط اعصاب کے مالک تھے، آپ کی بات قول فیصل اور آپ کا فیصلہ انصاف پر مبنی ہوتا، آپ کے ہر پہلو سے علم کا چشمہ ابلتا تھا، آپ کو دنیا اور اس کے زیب و زینت سے وحشت رہتی تھی، رات کی تنہائی اور تاریکی سے آپ بہت مانوس تھے، خدا کی قسم آپ بہت ہی رونے والے، طویل غور و فکر میں رہنے والے تھے، آپ اپنی ہتھیلی کو پلٹ کر اپنے آپ سے مخاطب ہوتے اور اپنا محاسبہ کرتے، آپ کو موٹا جھوٹا لباس اور روکھا پھیکا کھانا پسند تھا، وہ ہم میں ہمارے ہی طرح رہتے تھے، جب ہم کوئی بات پوچھتے تو بشاشت سے جواب دیتے اور جب ہم ان کے پاس آتے تو خیریت طلبی میں پہل کرتے، آپ ہماری دعوت پر ہمارے یہاں تشریف لاتے لیکن ان کی شفقت اور اپنی نیاز مندی اور بے تکلفی کے باوجود ہم رعب کے مارے زیادہ گفتگو نہ کرتے اور نہ گفتگو کا سلسلہ شروع کرتے، مسکراتے تو ان کے دانت موتیوں کی لڑی معلوم ہوتے، وہ دینداروں کی تعظیم کرتے اور مسکینوں سے محبت رکھتے تھے، کوئی با اثر شخص ان سے کسی غلط کام کی امید بھی نہیں کر سکتا تھا، اور نہ کمزور آدمی ان کے عدل سے محروم و مایوس ہو سکتا تھا۔

میں خدا کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ میں نے انھیں کبھی کبھی اس حال میں بھی دیکھا ہے کہ رات ڈھل چکی ہے، اور ستارے ڈوبنے لگے ہیں، اور آپ اس وقت اپنی محراب میں اپنے محاسنِ شریف پکڑے ہوئے سانپ کاٹے ہوئے شخص کی طرح بے چین ہیں، اور کسی غمزدہ کی طرح رو رہے ہیں، اور میں انھیں یہ کہتے سن رہا ہوں کہ "اے دنیا! کیا تو مجھے نشانہ بنانا چاہتی ہے، اور میرے لئے بن سنور کر آئی ہے؛ دور ہو! دور ہو!! اور میرے علاوہ کسی اور کو دھوکہ دے، میں نے بغیر رجعت کے تجھے تین طلاقیں دیں، تیری عمر مختصر، تیرا عیش حقیر، اور تیرا خطرہ بہت بھاری ہے، آہ! زادِ سفر کم، سفر لمبا، اور راستہ وحشتناک ہے[1]"

---

[1] صفۃ الصفوۃ: ابن جوزی۔



© rasailojaraid.com